[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**A**

**BILL**

*further to amend the Trade Organizations Act, 2013*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Trade Organization Act, 2013 (II of 2013) in the manner and for the purposes hereinafter appearing:-

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement**.- (1) This Act shall be called the Trade Organizations (Amendment) Bill, 2025.

(2) This Act shall come into force at once and shall be always deemed to have taken effect on and from commencement of the Trade Organizations (Amendment) Act, 2025 (IV of 2025).

2. **Amendment of section 11, Act II of 2013.-** In the Trade Organizations Act, 2013 (II of 2013), in section 11, sub-section (1A) shall be omitted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The election for the federation of Pakistan Chambers of Commerce and industry (FGCCI) was held in 2024 with the tenure lasting until December 31, 2025 however, next elections is Scheduled for December 2025. The burning issue of the FPCCI was effectively addressed by extending the tenure of its members from one year to two years through the trade Organizations (Amendment) Act, 2022 for the smooth operations of the FPCCI as well as other trade organizations.

2. It is submitted that a new issue arose after the enactment of the Trade Organizations (Amendment) Act, 2025, (IV of 2025). Under the Trade Organizations (Amendment) Act, 2025, the two years tenure for office bearers under sub-section (1) of section 11 shall apply only to those elected on or after the enactment of the trade organizations (Amendment) Act, 2025, (IV of 2025). Furthermore, the Act stipulates that elections for all trade organizations should be afresh after the enactment of the Trade Organizations (Amendment) Act, 2025, (IV of 2025). This provision is disruptive to the smooth functioning of trade bodies, particularly the federation, chambers, and Association.

3. It is in the interest of the organizations and all trade bodies that the election to be conducted in accordance with the Trade Organizations (Amendment) Act, 2022, to ensure the continued smooth operation of bodies established under the Act. Therefore, it is essential to omit sub-section (1A) of section 11 of the Trade Organizations Act, 2013, as inserted by the Trade Organizations (Amendment) Act, 2025, (IV of 2025) from the date of its enactment.

4. The bill has been designed to achieve the aforementioned objectives.

Sd/-
**SYED ALI QASIM GILLANI**

Members, National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

**تجارتی تنظیمات ایکٹ، ۲۰۱۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا**

**بل**

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں ظاہر ہونے والے طریق کار میں اور اغراض کے لیے تجارتی تنظیم ایکٹ، ۲۰۱۳ء (نمبر ۲ بابت ۲۰۱۳ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:** (۱) ایکٹ ہذا تجارتی تنظیمات (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ ایکٹ فی الفور نافذ العمل ہو گا اور ہمیشہ تجارتی تنظیمات ایکٹ، ۲۰۲۵ء (نمبر ۴ بابت ۲۰۲۵ء) کے آغاز نفاذ پر اور سے موثر پذیر تصور کیا جائے گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۲ بابت ۲۰۱۳ء دفعہ ۱۱ کی ترمیم۔** تجارتی تنظیمات ایکٹ، ۲۰۱۳ء (نمبر ۲ بابت ۲۰۱۳ء) میں، دفعہ ۱۱ میں ذیلی دفعہ ۱/الف حذف کر دی جائے گی۔

**بیان اغراض و وجود**

فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف.پی.سی.سی.آئی) کے انتخابات کا انعقاد ۲۰۲۴ء میں ہوا تھا جس کی مدت ۳۱ دسمبر ۲۰۲۵ء تک ہے تاہم آئندہ انتخابات دسمبر ۲۰۲۵ء میں منعقد ہونا طے ہیں۔ ایف پی سی سی آئی کے ساتھ ساتھ دیگر تجارتی تنظیموں کے امور ہائے کار کو موزوں طریقے سے چلانے کے لیے تجارتی تنظیمات (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۲ء کے ذریعے اس کے سب سے اہم مسئلے کو اس کے اراکین کی مدت ملازمت ایک سال سے بڑھا کر دو سال کر کے مئوثر طریقے سے حل کر دیا گیا تھا۔

۲۔ مطلع کیا جاتا ہے کہ تجارتی تنظیمات (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء، (نمبر ۴ بابت ۲۰۲۵ء) کے نفاذ کے بعد ایک نیا مسئلہ پیدا ہو گیا۔ تجارتی تنظیمات (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء کے تحت دفعہ ۱۱ کی ذیلی دفعہ (۱) کے تحت عہدیداروں کے لیے دو سال کی مدت کا اطلاق صرف ان لوگوں پر ہو گا جو تجارتی تنظیمات (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء، (نمبر ۴ بابت ۲۰۲۵ء) کے نفاذ پر یا اس کے بعد منتخب ہوئے ہیں۔ مزید برآں، ایکٹ ہذا صراحت کرتا ہے کہ تجارتی تنظیمات (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء (نمبر ۴ بابت ۲۰۲۵) کے نفاذ کے بعد تمام تجارتی تنظیموں کے انتخابات نئے سرے سے ہونے چاہئیں۔ یہ تصریح تجارتی اداروں خاص طور پر فیڈریشن، چیمبرز اور ایسوسی ایشن کے موزوں طور پر کام کرنے میں خلل پیدا کرے گی۔

۳۔ یہ امر تنظیموں اور تمام تجارتی اداروں کے مفاد میں ہے کہ انتخابات تجارتی تنظیمات (ترمیمی) یکٹ، ۲۰۲۲ء کے مطابق کرائے جائیں تاکہ اس ایکٹ کے تحت قائم اداروں کے کام کو موزوں طریقے سے جاری رکھنے کو یقینی بنایا جاسکے۔ لہذا تجارتی تنظیمات ایکٹ، ۲۰۱۳ء کی دفعہ ۱۱ کی ذیلی دفعہ (۱/الف) کو حذف کرنا ضروری ہے، جیسا کہ تجارتی تنظیمات (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء (نمبر ۴ بابت ۲۰۲۵ء) کے نفاذ کی تاریخ سے یہ امر اس میں شامل کر دیا گیا ہے

۳۔ بل ہذا کا مقصد اغراض بالا کا حصول ہے۔

دستخط/۔

سید علی قاسم گیلانی،

اراکین قومی اسمبلی